پریس ریلیز

22اکتوبر 2016ء

اسٹیٹ بینک 10روپے کا سکّہ 24 اکتوبر 2016ء سے جاری کرے گا

بتاریخ 27 جولائی 2015ء کی تعمیل F.3(12) IF-III/2005 وفاقی حکومت نے خزانہ ڈویژن کے اعلامیہ نمبر میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو 10 روپے کا سکّہ جاری کرنے کا اختیار دیا ہے۔ یہ سکّہ 24 اکتوبر 2016ء سے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے تمام فیلڈ دفاتر کے ایکسچینج کاؤنٹرز سے جاری کیا جائے گا۔

یہ سکّہ پیلے رنگ کا اور گول ہے اور کنارے پر دندانے ہیں، اس کا قطر 25.5ملی میٹر ہے۔ سکّے کا وزن 5.50 گرام ہے ۔ اس کی دوسری خصوصیات یہ ہیں :

سامنے کا رخ:

سامنے کے رخ پر وسط میں بڑھتا ہوا ہلال اور پانچ نوکوں کا ابھرتا ہوا ستارہ ہے جس کا رخ شمال مغرب کی طرف ہے۔ ستارے اور ہلال کے اوپر کنارے کے ساتھ ساتھ اردو میں ’اسلامی جمہوریہ پاکستان‘ کندہ ہے۔ ہلال کے نیچے اور گندم کی اوپر کی طرف خمیدہ دو بالیوں کے اوپر عددی صورت میں سکّے کا سالِ اجرا درج ہے۔ سکّے کے پورے کنارے پر چھوٹے موتیوں کا دائرہ ہے۔

پچھلا رخ:

پچھلے رخ پر وسط میں فیصل مسجد کی سامنے سے لی گئی تصویر ہے جس پر فاختائیں اُڑتی نظر آ رہی ہیں۔ سکّے کے نچلی طرف اس کی عرفی مالیت جلی اعداد میں ’’10‘‘ اور اردو میں ’’روپیہ‘‘ کندہ ہے۔ سکّے کے پورے کنارے پر چھوٹے موتیوں کا دائرہ ہے۔

* * *